Hamid/Shabbir

21.03.2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ رحمان

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 وزیرِاعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت میں جمہوریت کا قدیم اور مستحکم کلچر رہا ہے اور اتفاقِ رائے، کھلے مذاکرات اور آزادانہ تبادلۂ خیال اُس کی تاریخ میں ہمیشہ شامل رہے ہیں۔

2 ریزرو بینک نے سبھی بینکوں سے کہا ہے کہ وہ سرکاری کام کاج سے وابستہ اپنی سبھی شاخوں کو اتوار 31مارچ کو کھلا رکھیں۔

3 آسام پولیس کی خصوصی ٹاسک فورس نے بھارت میں داعش کے سرغنہ حارث فاروقی کو Dhubri سے گرفتار کیا ہے۔

4 ہانگ کانگ جانے والے بھارتی شہریوں کے لیے وہاں پہنچنے سے پہلے رجسٹریشن ایڈوائزری جاری کی گئی ہے۔

5 روس اور بیلاروس کے کھلاڑی اِس سال کے پیرس اولمپک کھیلوں کی افتتاحی تقریب میں شرکت نہیں کریں گے۔

6 اور بیڈمنٹن میں:

بھارت کے کرن جارج سوئزرلینڈ کے شہر Basel میں جاری سوئس اوپن کے مردوں کے سنگلز پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Summit for democracy

وزیرِاعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت میں جمہوریت کا قدیم اور مستحکم کلچر رہا ہے۔کل شام Seoul میں جنوبی کوریا کے زیر اہتمام سمِٹ فار ڈیموکریسی میں ورچوئل وسیلے سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ اتفاقِ رائے قائم کرنا، کھلے مذاکرات اور آزدانہ تبادلۂ خیال بھارت کی تاریخ میں ہمیشہ شامل رہے ہیں۔

0815 PM Modi Seoul

وزیرِاعظم نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ اب سے چند ہفتوں بعد دنیا، بھارت میں جمہوریت کے سب سے بڑے فیسٹیول کا مشاہدہ کرے گی۔ جناب مودی نے مزید کہا کہ امید ہے کہ تقریباً ایک ارب ووٹر اپنے حقِ رائے دہی کا استعمال کریں گے اور یہ دنیا کی تاریخ میں سب سے بڑا چناوَ عمل ہوگا۔ انھوں نے کہا کہ بھارت کے عوام ایک بار پھر جمہوریت میں اپنے اعتماد کا اظہار کریں گے۔x

PM Summit

وزیرِاعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ نیا بھارت دہشت گردی کو برداشت نہیں کرتا بلکہ اِس کے لیے ذمہ دار عناصر کو سبق سکھاتا ہے۔ نئی دلی میں بھارت Rising سمِٹ میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ جو لوگ بھارت کو خوفزدہ کیا کرتے تھے، وہ اَب کہیں نہیں ہیں۔ وزیرِاعظم نے کہا کہ پوری دنیا 21ویں صدی کو بھارت کی صدی مانتی ہے۔

جناب مودی نے اجاگر کیا کہ درجہ بندی سے متعلق بڑی ایجنسیوں اور اقتصادی ماہرین کو درخشاں بھارت کے تعلق سے پورا یقین ہے اور پوری دنیا یہ دیکھ رہی ہے کہ پچھلے دس سال میں بھارت میں کس طرح بڑی تبدیلیاں لائی گئی ہیں۔x

0815 Modi Rising Bharat

## PM Bhutan Visit Postponed

وزیراعظم نریندرمودی کا بھوٹان کا دو روزہ سرکاری دورہ جو آج سے شروع ہورہا تھا۔ Paro ہوائی اڈے پر موسم کے ناموافق حالات کے سبب ملتوی کردیا گیا ہے۔ وزارت خارجہ نے کہا کہ سفارتی چینلس کے ذریعے دونوں ہی جانب سے نئی تاریخیں طے کی جارہی ہیں۔

## EC Political Posters

انتخابی کمیشن نے مرکز، ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کی سرکاروں سے کہا ہے کہ وہ ریلویز اور ہوائی اڈوں جیسی سرکاری املاک سے اُن سبھی سیاسی پوسٹرس کو بلا تاخیر ہٹائیں جن کے لیے کسی طرح کی کوئی منظوری نہیں لی گئی ہے۔ اپنے مراسلے میں چناؤ کمیشن نے کہا ہے کہ اُسے مختلف حلقوں کی طرف سے اِس طرح کی شکایات موصول ہو رہی ہیں جن میں یہ الزام لگایا گیا ہے کہ ملک میں کئی مقامات پر سیاسی اشتہارات غیر قانونی طریقے سے اب بھی لگائے جا رہے ہیں۔

انتخابی کمیشن نے اپنی ہدایات پر عمل نہ کیے جانے یا جزوی طور پر عمل کرنے کا سنگین نوٹس لیا ہے۔

اُس نے سبھی ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کی سرکاروں کو یہ ہدایت دی ہے کہ سبھی غیر قانونی سیاسی اشتہارات فوری طور سے ہٹائے جائیں۔

کمیشن نے اِس سلسلے میں کارروائی رپورٹ آج شام پانچ بجے تک پیش کرنے کو کہا ہے۔x

## Punjab First Time Voters

پنجاب میں لوک سبھا انتخابات 2024 کیلئے ووٹنگ ساتویں اور آخری مرحلے میں پہلی جون کو منعقد ہوگی۔ اس چناؤ کیلئے نوٹیفکیشن سات مئی کو جاری کیا جائے گا۔ ریاست میں ووٹروں کی کُل تعداد دو کروڑ 12 لاکھ سے زیادہ ہے، جن میں چار لاکھ 90 ہزار وہ ووٹرس بھی شامل ہیں جو پہلی بار ووٹ دیں گے۔

ایک رپورٹ

**VC- Shishu Sharma**

*پنجاب میں پہلی بار ووٹ ڈالنے والوں کی کُل تعداد لگ بھگ چار لاکھ 90 ہزار ہے، جن کی عمر اٹھارہ سے 19 سال کے درمیان ہے۔ان میں سے سرحدی لوک سبھا حلقے گرداسپور میں نوجوان ووٹروں کی تعداد سب سے زیادہ 48 ہزار جبکہ لدھیانہ لوک سبھا حلقے میں اس زمرے کے ووٹروں کی تعداد نسبتاً کچھ کم تقریباً 31 ہزار ہے۔ بھارت کا انتخابی کمیشن بوتھ سطح کے افسروں کے ذریعے سرٹیفکیٹ دے کر ان ووٹروں بالخصوص پہلی بار ووٹ ڈالنے والوں کو اعزاز سے نوازے گا۔*

*اسی طرح 85 سال سے زیادہ کی عمر کے ووٹروں کی تعداد بھی دو لاکھ 55ہزار سے زیادہ ہے،جس میں پانچ ہزار ایک سو سے زیادہ ووٹرس سو سے زیادہ کی عمر کے ہیں۔ ان سبھی معمر افراد کو اپنے گھر سے ووٹ ڈالنے کی سہولت حاصل ہوگی۔*

*جالندھر سے شیشوشرما شاعل کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......*

## Neet PG Reschdule

پوسٹ گریجویٹ NEET امتحان اَب 23 جون کو کرایا جائے گا۔ پہلے اِس کے لیے سات جولائی کی تاریخ طے کی گئی تھی۔

نیشنل میڈیکل کمیشن کی جانب سے جاری کیے گئے اطلاع نامے کے مطابق NEET-PG کے لیے اہل ہونے کی خاطر Internship مکمل کرنے کی Cut -Off تاریخ 15 اگست ہی رہے گی۔
نتیجوں کا اعلان پندرہ جولائی کو کیا جائے گا جبکہ تعلیمی سال کا آغاز سولہ ستمبر کو ہوگا۔ x

## Banks 31st March

ریزرو بینک نے سبھی بینکوں سے کہا ہے کہ وہ سرکاری کام کاج سے وابستہ اپنی سبھی شاخوں کو اتوار 31 مارچ کو کھلا رکھیں۔ اِس سے قبل سرکار نے یہ کہا تھا کہ سرکاری رقومات کی ادائیگی اور رقومات موصول ہونے سے وابستہ سبھی بینکوں کو لین دین کے لیے 31 مارچ کو بھی کھلا رکھا جائے تاکہ سبھی متعلقہ سرکاری لین دین موجودہ مالی سال کے ہی گوشوارے میں شامل رہے۔
ریزرو بینک نے بینکوں سے یہ بھی کہا ہے کہ وہ 31 مارچ اتوار کو بینکاری خدمات دستیاب ہونے کے تعلق سے مناسب تشہیر کریں۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

## ISIS Arrest

آسام پولیس کی خصوصی ٹاسک فورس نے بھارت میں داعش کے سرغنہ حارث فاروقی کو کل Dhubri میں ایک اور کارندے کے ساتھ پکڑا ہے۔ اِسے ایک بڑی کامیابی مانا جا رہا ہے۔ آسام پولیس کے ترجمان کے مطابق مرکزی ایجنسیوں کی جانب سے فراہم کی گئی جانکاری پر کارروائی کرتے ہوئے خصوصی ٹاسک فورس نے اِن دونوں کو اُس وقت گرفتار کیا جب وہ بین الاقوامی سرحد پار کرکے ملک میں چوری چھپے داخل ہوئے تھے۔ اِن دونوں کو پوچھ تاچھ کے لیے گوہاٹی لے جایا گیا ہے۔ ذرائع نے بتایا ہے کہ اِن دونوں کو قومی جانچ ایجنسی NIA کے حوالے کیا جائے گا۔x

## MEA Hong Kong Advisory

ہانگ کانگ میں بھارت کے قونصل جنرل نے ہانگ کانگ جانے والے بھارتی شہریوں کے لیے وہاں پہنچنے سے پہلے کی رجسٹریشن ایڈوائزری جاری کی ہے۔ ہانگ کانگ کے خصوصی انتظامی خطے کے 14 دن کے دورے کے خواہشمند بھارتی شہریوں کو وہاں پہنچنے سے پہلے کے رجسٹریشن کے لیے آن لائن درخواست دینا ہوگی۔ یہ رجسٹریشن چھ مہینے کے لیے قابل قبول ہوگا اور اس دوران بھارتی شہری کئی بار وہاں کا دورہ کرسکیں گے۔
ہانگ کانگ میں قونصل جنرل نے وہاں آنے والے بھارتی شہریوں پر زور دیا ہے کہ وہ اِس سلسلے میں ہانگ کانگ کے خصوصی انتظامی خطے کی سرکار کے ضابطوں پرعمل کریں تاکہ انھیں کسی طرح کی پریشانی کا امکان کم سے کم رہے۔
اُس نے زور دے کر کہا ہے کہ اِس طرح کے رجسٹریشن کا ہوجانا متعلقہ شخص کے وہاں داخل ہونے کی گارنٹی نہیں ہے۔
قونصل جنرل نے کہا ہے کہ اِس طرح کے واقعات سامنے آئے ہیں کہ جب ہانگ کانگ کے امیگریشن محکمے نے بعض ضابطوں پر عمل نہ کرنے کی وجہ سے لوگوں کو وہاں اترنے کی اجازت نہیں دی۔ x

## PM Zelensky

یوکرین کے صدر وولودی میر زیلنسکی نے یوکرین کے اقتدارِ اعلیٰ، اور علاقائی سالمیت کے تییں بھارت کی حمایت، انسانی ہمدردی کی امداد اور قیامِ امن فارمولہ میٹنگوں میں سرگرم شرکت کے لیے تشکر کا اظہار کیا ہے۔ سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب زیلنسکی نے یہ بات کہی ہے۔
وزیراعظم نریندر مودی کے ساتھ ٹیلی فون پر گفتگو کے بعد اُن کا یہ بیان سامنے آیا ہے۔ دونوں رہنماؤں نے باہمی تعلقات

کے فروغ کے مختلف پہلوؤں پر بات چیت کی۔ جناب زیلنسکی نے کہا ہے کہ یوکرین بھارت کے ساتھ تجارتی اور اقتصادی رابطوں کو مستحکم بنانے کا خواہشمند ہے۔ خاص طور پر زرعی برآمدات، Aviation ، اشتراک اور دواسازی نیز صنعتی سامان کی تجارت کے شعبوں میں وہ تعلقات کو مضبوط بنانے کا خواہاں ہے۔

انھوں نے یہ بھی کہا کہ یوکرین چاہتا ہے کہ بھارتی طلبا یوکرین کے تعلیمی اداروں میں واپس آجائیں۔

اِس گفتگو کے دوران جناب مودی نے قیامِ امن کی سبھی کوششوں اور موجودہ محاذ آرائی کے جلد خاتمے کے لیے بھارت کی طرف سے ٹھوس حمایت سے واقف کرایا۔ انھوں نے کہا کہ بھارت عوام کی بہبود کا خیال رکھتے ہوئے انسانی ہمدردی کی امداد فراہم کرتا رہے گا۔x

## Indonesia Election

انڈونیشیا کے جنرل الیکشن کمیشن نے ملک کے اگلے صدر کے طور پر Prabowo Subianto کے نام کا باقاعدہ اعلان کردیا ہے۔کمیشن نے بتایا کہ 72 سالہ سابق جنرل کو صدارتی انتخابات میں 58 اعشاریہ پانچ نو فیصد ووٹ ملے۔ ان کے حریفوں Anies Baswedan کو محض 24 اعشاریہ نو پانچ فیصد جبکہ ایک اور امیدوار Ganjar Pranowo کو 16 اعشاریہ چار چھ فیصد ووٹ ملے۔کمیشن نے اگلے نائب صدر کے طورپر موجودہ صدر Joko Widodo کے بیٹے Gibran Rakabuming Raka کے نام کا بھی اعلان کیا ہے۔ منتخب صدر اور نائب صدر 20 اکتوبر 2024 کو عہدہ سنبھالیں گے۔ 14 فروری 2024 کو پولنگ ہوئی تھی۔

## Balochistan Killed

پاکستان میں کل بلوچستان صوبے میں Gwadar Port Authority کامپلیکس پر ہوئی شدید جھڑپ میں آٹھ ملیٹینٹس اور سیکورٹی فورسز کے دو افراد ہلاک ہوگئے۔یہ لڑائی اس وقت شروع ہوئی جب بھاری ہتھیاروں سے لیس ملیٹینٹوں نے Gwadar کامپلیکس میں جبراً داخل ہونے کی کوشش کی اور گولیاں چلانا شروع کردیں اور وہاں دھماکے ہونے کی اطلاع ملی ہے۔ حملہ آور اُس وقت ہلاک ہوگئے جب انہوں نے پورٹ کامپلیکس میں داخل ہونے کی کوشش کی اس لڑائی میں دو فوجی بھی ہلاک ہوئے ہیں۔ بلوچستان لبریشن فوج کے Majeed Brigade نے اس حملے کی ذمہ داری قبول کی ہے۔

## IMD Weather

بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے شمال مشرقی بھارت، ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال اور سکم میں اس مہینے کی 23 تاریخ تک بارش اور گرج چمک کے حالات میں تیزی آنے کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے گنگا کے علاقے والے مغربی بنگال، بہار اور جھارکھنڈ میں آج تک گرج چمک، بجلی اور تیز ہواؤں کے ساتھ کہیں کہیں اوسط بارش کی بھی پیشگوئی کی ہے۔ ہم نے IMD کے سینئر سائنسداں آر کے جینا منی سے بات چیت کی۔

0815 Jenamani Weather

## IOC Russia

انٹرنیشنل اولمپک کمیٹی IOC نے اعلان کیا ہے کہ روس اور بیلاروس کے ایتھلیٹس کو پیرس اولمپک گیمس 2024 کی افتتاحی تقریب میں ملکوں کی پریڈ میں شرکت کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

اس دوران Kremlin کے ترجمان Dimitry Peskov نے کہا ہے کہ یہ قدم تصویر کو تباہ کرنے کے مترادف ہے۔

## Badminton

سوئس اوپن بیڈمنٹن میں بھارت کے کرن جارج کل رات سیدھے سیٹوں میں مردوں کے سنگلز کے پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ انھوں نے پہلے راؤنڈ میں جاپان کے Takuma Obayashi کو شکست دی۔

## یہ تھیں خبریں۔

## GONG

## PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......فہیم احمد

شکریہ - شبانہ

قومی راجدھانی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخبارات نے لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کیلئے نوٹیفکیشن جاری ہونے کی خبر کو اپنی شہ سرخی بنایاہے۔اخبار ملاپ کی شہ سرخی ہے لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کیلئے الیکشن کمیشن کا نوٹیفکیشن جاری، 102 سیٹوں کیلئے نامزدگی کا عمل شروع، 19 اپریل کو ہوگی پولنگ۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا لکھتا ہے کہ ملک میں 45فیصد سے زیادہ اسٹارٹ اپ خواتین کے زیر قیادت، وزیراعظم نریندرمودی نے نئ دلی کے بھارت منڈپم میں اسٹارٹ اپ مہاکمبھ کا افتتاح کیا۔

ہندوستان ایکسپریس کی ایک اہم سرخی ہے، فوج کے ٹینکوں کیلئے طاقت ور دیسی انجن کا کامیاب تجربہ۔ اسی اخبار کی ایک اور سرخی ہے پوتن کو وزیراعظم مودی کا ٹیلی فون، الیکشن میں کامیابی پر مبارک باد دی۔

اخبار انقلاب کی ایک نمایاں سرخی ہے سیاسی پارٹیوں کے مفت تحائف دینے کے وعدے پر سپریم کورٹ سخت، مفادعامہ کی عرضی پر سماعت کیلئے تیار۔ ورلڈ ہیپی نیس رپورٹ فن لینڈ مسلسل ساتویں سال دنیا کا سب سے زیادہ خوش رہنے والا ملک قرار۔اس خبرکو بھی تقریباً سبھی اخباروں نے اہمیت دی ہے۔

اخبار کی دیگر اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں

غزہ میں شدید غذائی قلت سے نوزائدہ بچوں کی اموات بڑھ رہی ہیں، عالمی ادارہ صحت کا بیان۔

روس کے منجمد اثاثوں سے یوکرین کیلئے ہتھیارخریدنے کا منصوبہ ۔

موسمیاتی تبدیلیوں نے زمین کیلئے خطرے کی گھنٹی بجادی ہے،عالمی ادارے کا انتباہ

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت میں جمہوریت کا قدیم اور مستحکم کلچر رہا ہے اور اتفاقِ رائے، کھلے مذاکرات اور آزادانہ تبادلۂ خیال اُس کی تاریخ میں ہمیشہ شامل رہے ہیں۔

2 ریزرو بینک نے سبھی بینکوں سے کہا ہے کہ وہ سرکاری کام کاج سے وابستہ اپنی سبھی شاخوں کو اتوار 31مارچ کو کھلا رکھیں۔

3 آسام پولیس کی خصوصی ٹاسک فورس نے بھارت میں داعش کے سرغنہ حارث فاروقی کو Dhubri سے گرفتار کیا ہے۔

4 ہانگ کانگ جانے والے بھارتی شہریوں کے لیے وہاں پہنچنے سے پہلے رجسٹریشن ایڈوائزری جاری کی گئی ہے۔

5 روس اور بیلاروس کے کھلاڑی اِس سال کے پیرس اولمپک کھیلوں کی افتتاحی تقریب میں شرکت نہیں کریں گے۔

6 اور بیڈمنٹن میں:

بھارت کے کرن جارج سوئزرلینڈ کے شہر Basel میں جاری سوئس اوپن کے مردوں کے سنگلز پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---